مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# Maulana Azad National Urdu University

## Question Paper (Regular Mode) November 2025

| | | |
|---|---|---|
| Programme : MA | : ایم اے | پروگرام |
| Semester : III | : سوم | سمسٹر |
| Title & Paper Code : Comparative & Development Administration, MAPA302CCT | : تقابلی اور ترقیاتی نظم ونسق | عنوان وپیپر کوڈ |
| Time : 3 Hours | :3 گھنٹے | وقت |
| Maximum Marks : 70 | 70 : | جملہ نشانات |

ہدایت۔ یہ سوالات تین ۳ حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول حصہ دوم حصہ سوم۔ ہر جواب کیلئے لفظوں کی تعداد اشارتہ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں دس ۱۰ لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات یا خالی جگہ پُر کرنا یا مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کیلئے ایک ۱ نمبر مختص ہے۔ (1x1=10)
2. حصہ دوم میں آٹھ ۸ سوالات ہیں اور اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ ۵ سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو ۲۰۰ لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کیلئے چھ ۶ نمبرات مختص ہے۔ (5x6=30)
3. حصہ سوم میں پانچ ۵ سوالات ہیں اور اس میں سے طالب علم کو کوئی تین ۳ سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو ۵۰۰ لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کیلئے دس ۱۰ نمبرات مختص ہے۔ (3x10=30)

Q.1

## حصہ اول

1. تقابلی نظم ونسق کا بنیادی مطلب کیا ہے؟

الف) مختلف ممالک کے انتظامی نظاموں کا موازنہ
ب) صرف ایک ملک کے سرکاری اداروں کا مطالعہ
ج) مذہبی نظام کا مطالعہ
د) عدالتی نظام کا تجزیہ

2. تقابلی نظم ونسق کے باقاعدہ مطالعے کا آغاز کب ہوا؟

الف) 1940 کی دہائی میں
ب) 1950 کی دہائی میں
ج) 1980 کی دہائی میں
د) 2000 کی دہائی میں

3. برطانوی سول سروس کے افسران کی تقرری کس کے ذریعے ہوتی ہے؟؟

الف) پارلیمنٹ
ب) بادشاہ

ج) وزیراعظم
د) سول سروس کمیشن

.4 تقابلی نظم ونسق کی اہمیت کی ایک بڑی وجہ کیا ہے؟

الف) بین الاقوامی رابطوں اور عالمی تعاون میں اضافہ
ب) مذہبی اصلاحات
ج) عدالتی اصلاحات
د) عسکری طاقت کا فروغ

.5 ترقیاتی نظم ونسق کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

الف) عوامی بہبود اور ترقی کے منصوبے
ب) سیاسی استحکام
ج) مذہبی اتحاد
د) عدالتی نگرانی

.6 ترقیاتی نظم ونسق کا تصور سب سے پہلے کہاں سے سامنے آیا؟

الف) امریکہ
ب) بھارت
ج) برطانیہ
د) چین

.7 نوکرشاہی کے نظریے کو سب سے پہلے کس نے پیش کیا؟

الف) میکس ویبر
ب) کارل مارکس
ج) ہربرٹ سائمن
د) ایڈم سمتھ

.8 عوامی انتخابی نظریہ کا تعلق بنیادی طور پر کس علم سے ہے؟

الف) سماجیات
ب) معاشیات
ج) فلسفہ
د) نفسیات

.9 امریکی نظامِ حکومت کی بنیاد کس اصول پر ہے؟

الف) اختیارات کی علیحدگی
ب) پارلیمانی نظام
ج) بادشاہت مطلقہ
د) وفاقی اشتراک

.10 برطانوی نظامِ حکومت کی بنیاد ہے——

الف) صدارتی جمہوریت
ب) وفاقی جمہوریت
ج) پارلیمانی جمہوریت
د) مذہبی حکومت

2: تقابلی نظم ونسق (Comparative Public Administration) سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

3: تقابلی نظم ونسق کے دائرہ کار (Scope) کو مختصراً بیان کریں۔

4: تقابلی نظم ونسق کی تاریخی پس منظر (History) پر مختصر نوٹ لکھیں۔

5: تقابلی نظم ونسق کی اہمیت (Importance) بیان کریں۔

6: ترقیاتی انتظامیہ (Development Administration) کے بنیادی مقاصد کیا ہیں؟

7: بیوروکریٹک نقطہ نظر (Bureaucratic Approach) کے اہم نکات بیان کریں۔

8: عوامی انتخابی نقطہ نظر (Public Choice Approach) کی وضاحت کریں۔

9: امریکی اور برطانوی نظام انتظامیہ (USA & UK Administrative Systems) میں فرق بیان کریں۔

10: Comparative Public Administration کے ارتقاء، مقاصد اور مختلف ماہرین کی آراء کو تفصیل سے بیان کریں۔

11: تقابلی نظم ونسق کے دائرہ کار (Scope) اور اہم مسائل پر جامع بحث کریں۔

12: ترقیاتی انتظامیہ (Development Administration) کی خصوصیات، چیلنجز اور ترقی پذیر ممالک میں اس کی افادیت پر روشنی ڈالیں۔

13: بیوروکریٹک نقطہ نظر (Bureaucratic Approach) اور عوامی انتخابی نقطہ نظر (Public Choice Approach) کا تقابلی مطالعہ کریں۔

14: امریکی اور برطانوی نظام انتظامیہ (Administrative Systems of USA & UK) کے ڈھانچے، کام کے طریقہ کار اور سیاسی اثرات کو تفصیل سے بیان کریں۔